SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
July 6, 2020

ایس ای سی پی نے پروفیشنل کلئرنگ ممبر ریگولیشنز کا مسودہ جاری کردیا

اسلام آباد (جولائی 6)۔ سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے اسٹاک ایکسچینج کی ٹریڈنگ کے لئے تھرڈ پارٹی کلیئرنگ سروسز کی فراہمی کے لئے پروفیشنل کلئرنگ ممبرز کے ریگولیشنز کا مسودہ عوامی رائے عامہ کے لئے جاری کردیا ہے۔

پروفیشنل کلیئرنگ ممبرز تھرڈ پارٹی انڈیپینڈنٹ انسٹی ٹیوشن ہوتا ہے جو کہ سکیورٹز بروکروں اوران کے صارفین کو حصص کی تحویل اور کلیئرنگ کی خدمات فراہم کرتا ہے۔ پروفیشنل کلیئرنگ ممبرز کوئی بھی مالیاتی ادارہ جیسے کہ کمرشل بینک یانان بینکنگ فنانشل انسٹی ٹیوشن یااس مقصد کے لئے خصوصی طور پر قائم ایک ادارہ ہوسکتا ہے۔ پروفیشنل کلیئرنگ کے ادارے قائم ہونے سے اسٹاک ایکسچینج کے بروکروں پر ریگولیٹری کمپلائنس کی ذمہ داریاں کم ہوجائے گی جبکہ کلیئرنگ کا عمل تیز اور شفاف ہوجائے گا۔

ایس ای سی پی کے مجوزہ کلئرنگ ریگولیشنز میں پروفیشنل کلئرنگ ممبر کا لائسنس کے شرائط وضوابط، اہلیت کا معیار اور کمپنی کی آپریشنل ضروریات، صارفین کے اثاثوں کے تحفظ کے لئے کی شرائط، کارپوریٹ گورننس کے ضوابط اور کلیئرنگ کے عمل کے متعلق ہدایات شامل کی گئی ہیں۔

واضح رہے کہ ایس ای سی پی نے سکیورٹیز بروکروں کی الگ الگ اقسام اور ٹریڈنگ اور اثاثوں کی تحویل اور کلیئرنس کے عمل کو الگ کرنے کا تصور متعارف کروایا تھا اور صرف وہی بروکر صارفین کے اثاثوں کو تحویل میں رکھ سکیں گے جو کہ کلئرنگ ممبرز کے ضوابط اور شرائط پر پورا اتریں گے جبکہ صرف ٹریڈنگ کرنے والے بروکر اپنے صارفین کے اثاثے پروفیشنل کلئرنگ ممبرز یا ٹریڈنگ اینڈ کلیئرنگ بروکروں کے پاس رکھوائیں گے جب کے لئے ریگولیٹری کمپلائنس کی شرائط کافی زیادہ ہیں۔

پروفیشنل کلئرنگ ممبرز کے لئے ریگولیٹری فریم ورک کا نفاذ ایس ای سی پی کی نئی بروکر رجیم پر عمل درآمد کے حوالے سے اہم سنگ میل ہے۔ اس ریگولیٹری فریم ورک کے نفاذ سے صارفین کے اثاثوں کی تحویل سے متعلق رسک میں کمی آئے گی اور سرمایہ کاروں کو تحفظ حاصل ہوگا۔ مجوزہ ریگولیشنز کا مسودہ ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر فراہم کردیا گیا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005